کالجز اور یونیورسٹیز کے طلباء کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کلاس

سوا چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مسجد کے ہال میں تشریف لائے جہاں پروگرام کے مطابق کالجز اور یونیورسٹیز کے طلباء کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ کلاس کا انعقاد ہوا۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو عزیزم Ansar شریف نے کی اور اس کا انگریزی زبان میں ترجمہ عزیزم رحیم احمد نے پیش کی۔

بعد ازاں عزیزم محمد حامد احمد نے "Realistic Spin Guides" کے عنوان سے اپنی Presentation دی۔

موصوف نے" مقناطیسی زنجیر Magnon کی ٹرانسفر" کے موضوع پر اپنی ریسرچ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ Magnon مقناطیسی زنجیر کی Quanutum اکائی ہے۔ اگر اس زنجیر پر مقناطیسی Potential لگا دیں تو ہم اس ذرّہ کو قید کر سکتے ہیں اور اس Potential کو تبدیل کرنے سے اس Magnon کو منتقل (ٹرانسفر) کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح ہم اس کو کمیونیکیشن کا ذریعہ بنا سکتے ہیں۔

اس کے بعد عزیزم نیّر احمد نے "Identification and Characterisation of a Novel Cytokine IL-4 Receptor Antagonist For Allergy Treatment" کے عنوان پر اپنی Presentation دی۔

موصوف نے بتایا کہ قوّت مدافعت اگر کمزور ہو تو اُس سے Over Reaction ہو جاتا ہے۔ آسٹریلیا میں ہر پانچویں انسان کو الرجی کی تکلیف ہے۔ اس الرجی سے لوگوں کی صحت خراب ہوتی ہے اور حکومت کو 7.8 ارب ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے۔

موصوف نے بتایا کہ طبّی لحاظ سے الرجی کی وجہ سے IL-4 Cytokine اور IL-4 Receptor کا آپس میں رابطہ ہے۔

ریسرچ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ اگر ہم ایسی دوائی بنائیں جو IL-4 Cytokine اور IL-4 Receptor کے درمیان رابطہ توڑ سکے تو ہم الرجی کا مؤثر علاج کر سکتے ہیں۔

موصوف نے بتایا کہ ایک دلچسپ چیز نگاہ سے گزری ہے کہ جرمن سائنٹسٹ نے ہومیو پیتھی سے الرجی کا علاج ڈھونڈ لیا ہے۔ جس پر حضور انور نے فرمایا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہومیو پیتھی بہت مؤثر ہے اور پندرہ منٹ میں فرق پڑ جاتا ہے۔

موصوف نے اپنی Presentation کے دوران Hygiene Hypothesis کے بارے میں بتایا کہ ہم جتنے صاف ماحول میں رہیں گے اتنا ہی آپ کا دفاعی نظام کمزور ہو جاتا ہے اور گندے ماحول میں رہنے والوں کا دفاعی نظام مضبوط ہوتا ہے۔

موصوف نے بتایا Phage Display Technology کی مدد سے اِس Peptide یا Antagonist کو ہم نے حاصل کیا ہے اور اُس کو پھر ہم نے الرجک سیل پر آزمایا اور اللہ کے فضل سے ہمیں بہت کامیابی حاصل ہوئی ہے اور جس سے Antibodies 1GE کو کم کرنے میں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ الحمدللہ۔

اس پر حضور انور ایدہ اللہ نے فرمایا کیا اس میں ساری الرجیز کا علاج ہے؟ جس پر موصوف نے عرض کیا کہ اس پر ابھی مزید ریسرچ ہو رہی ہے۔

کالجز اور یونیورسٹیز کے طلباء کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ یہ کلاس چھ بج کر 45 منٹ تک جاری رہی۔